2025-08-06

Hrs08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-------------------------------------------------------------

1- وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، مشترکہ سینٹرل سیکریٹیریٹ عمارت ”کرتویہ بھون سوئم“ کا افتتاح کریں گے۔

2- صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ فلپینز، خطّے میں استحکام اور خوشحالی لانے کے لیے مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی بھارت کی پالیسی کا ایک اہم ساجھیدار ملک ہے۔

3- اتراکھنڈ کے اترکاشی ضلعے میں، اچانک شدید سیلاب آنے کے بعد راحت اور بچاؤ کارروائی جاری ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے ریاست میں اگلے تین دن تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

4- امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ قومی امدادِ باہمی پالیسی سے پائیدار امدادِ باہمی ترقی کے لیے جامع خاکہ فراہم ہوا ہے۔

5- بنگلہ دیش کے عبوری رہنما محمد یونس نے اعلان کیا ہے کہ ملک میں، پارلیمانی انتخابات اگلے سال فروری میں کرائے جائیں گے۔

6- اور تیسرا چنئی گرانڈ ماسٹرس شطرنج ٹورنامنٹ آج شروع ہو رہا ہے۔

PM Kartavya Bhavan,

وزیر اعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں کرتویہ پتھ پر ”کرتویہ بھون سوئم“ کا افتتاح کریں گے۔ اس موقع پر جناب مودی ایک عوامی پروگرام سے خطاب بھی کریں گے۔ کرتویہ بھون سوئم سینٹرل وِستا کی وسیع تر کایا پلٹ کا حصہ ہے۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ یہ آئندہ قائم ہونے والی اُن کئی مشترکہ سینٹرل سکریٹیریٹ عمارتوں میں پہلی عمارت ہے، جن کا مقصد انتظامی عمل کو مربوط بنانا اور مستحکم حکمرانی میں سہولت پیدا کرنا ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

کرتویہ بھون3- دو Basements اور سات منزل پر پھیلا ہوا تقریباً ایک اعشاریہ پانچ لاکھ مربع میٹر کا ایک جدید آفس کمپلکس ہوگا۔ اس میں اہم وزارتیں ہوں گی جن میں داخلہ، وزارت خارجہ، دیہی ترقی، DOPT ،MSME، پیٹرولیم اور قدرتی گیس اور پرنسپل سائنٹفک ایڈوائزر شامل ہیں۔ اس سے پائیداری آئے گی اور بجلی کی بچت اور ری سائیکلنگ سہولیات کے نتیجے میں 30 فیصد بجلی کی بچت ہوگی اور سالانہ پانچ لاکھ سے زیادہ یونٹ بجلی بھی پیدا ہوگی۔ نئی عمارت جدید حکمرانی کی ایک نظیر پیش کریگی جس میں آئی ٹی سے آراستہ اور کام کی محفوظ جگہ، آئی ڈی کارڈ پر مبنیAccess Control ، مربوط الیکٹرانک سرویلانس اور ایک مرکزی کمان سسٹم ہوگا۔ اس میںDouble Glazed Facades ، چھت پر لگے سولر، سولر واٹر ہیٹر، جدید ہیٹنگ، وینٹی لیشن، ایئر کنڈیشنگ سسٹم، اورپانی کو محفوظ کرنے سے پائیداری آئے گی۔

اس سہولت سے فضلے کے بالکل خارج نہ ہونے سے متعلق بندوبست، عمارت کے اندر ہی ٹھوس فضلے کی پروسیسنگ، الیکٹرنک گاڑیوں کی چارجنگ کے لیے اسٹیشن اور ری سائیکل شدہ تعمیراتی میٹریل کے زیادہ سے زیادہ استعمال سے پائیداری بھی آئے گی۔

نئی دلی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں...........

PM Agriculture Conference

وزیراعظم نریندر مودی کَل نئی دلی میں ایم ایس سوامی ناتھن صدسالہ بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ زرعی سائنس میں ایک قدآور شخصیت اور خوراک کی یقینی فراہمی کی پہل کرنے والے پروفیسر سوامی ناتھن کا صد سالہ یوم پیدائش منانے کے لیے، ایم ایس سوامی ناتھن ریسرچ فاؤنڈیشن، MSSRFکَل سے سنیچر تک صد سالہ بین الاقوامی کانفرنس کا اہتمام کر رہی ہے۔ اس کا اہتمام زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت، زرعی تحقیق کی بھارتی کونسل اور نیشنل اکیڈمی آف ایگری کلچرل سائنسز کے اشتراک سے کیا جا رہا ہے۔

میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے زرعی تحقیق کی بھارتی کونسل کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر M.L.Jat نے کہا کہ اس موقع پر وزیراعظم اس عظیم سائنس داں کے اعزاز میں بھارت سرکار کے زریعے جاری کیے گئے یادگاری سکے اور ٹکٹ کا اجرا کریں گے۔

انھوں نے بھارت کو خوراک کی کمی والے ملک سے اضافی خوراک والے ملک میں تبدیلی کرنے میں پروفیسر سوامی ناتھن کے اہم رول کو نمایاں کیا۔x

Prez India Philippines

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت-فلپینز ساجھیداری نہ صرف دونوں ملکوں کے عوام کے لیے فائدہ مند ہے بلکہ اس سے خطّے میں امن و استحکام اور خوشحالی کو مستحکم بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ فلپینز کے صدر مارکوس جونیئر کے اعزاز میں ایک ضیافت کی میزبانی کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت-بحرالکاہل خطّے میں، بھارت کے موقف اور مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی بھارت کی پالیسی میں فلپینز ایک اہم ساجھیدار ملک ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی نے زور دے کر کہا کہ باہمی تعلقات کو کلیدی ساجھیداری کی سطح تک لے جانے سے بھارت اور فلپینز کے درمیان کثیر رخی اشتراک کو مزید تقویت ملے گی۔

صدر جمہوریہ نے پہلگام میں دہشت گردوں کے وحشیانہ حملے کی سخت مذمت کرنے اور دہشت گردی کے خلاف لڑائی میں بھارت کے ساتھ یگانگت اور حمایت کے لیے فلپینز سرکار کا شکریہ بھی ادا کیا۔

اِدھر کل نئی دلّی میں، وزیر اعظم نریندر مودی اور فلپینز کے صدر مارکوس جونیئر کے درمیان باہمی بات چیت کے دوران دوطرفہ اشتراک کو کلیدی ساجھیداری کی سطح پر لے جانے کا فیصلہ کیا گیا۔

میٹنگ کے بعد ایک مشترکہ اخباری بیان میں وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت اور فلپنز نے نئی کلیدی ساجھیداری کے تحت اشتراک میں رہنمائی کی خاطر 2025 سے 2029 تک ایک 5 سالہ منصوبہئ عمل اختیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

Uttrakhand Ganga River

اتراکھنڈ کے اترکاشی ضلعے میں بادل پھٹنے سے دھرالی میں کھیر گنگا دریا میں اچانک سیلاب آنے کے بعد بچاؤ اور امدادی کارروائی زور و شور سے جاری ہے۔ فوج، NDRF، SDRF، ضلع انتظامیہ اور دیگر متعلقہ ایجنسیاں امدادی کام میں سرگرمی کے ساتھ شامل ہیں۔

اب تک 130 سے زیادہ افراد کو بچایا گیا ہے۔ چودھویں راجپوتانہ رائفلز کے کمانڈنگ افسر کرنل ہرش وردھن کی زیر کمان تقریباً 150 سپاہی متاثرہ علاقے میں راحت کی کارروائی میں لگے ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ SDRF کی تین ٹیمیں بھی وہاں موجود ہیں اور 70 سے لے کر 80 افراد کو گنگوتری میں محفوظ مقامات پر پہنچایا گیا ہے۔

SDRFکے کمانڈر ارپن یدو وَنشی نے بتایا ہے کہ جدید طرز کے ساز و سامان کے ساتھ اضافی ٹیمیں وہاں پہنچ رہی ہیں۔

امدادی کوششوں کو مستحکم بنانے کی خاطر دو انسپیکٹر جنرل، تین پولیس سپرنٹنڈنٹ اور تقریباً 300 پولیس اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ PAC کی خصوصی یونٹ اور انڈین ریزرو بٹالین بھی راحت کے کام میں معاونت کر رہی ہیں۔

اِدھر ریاست کے وزیر اعلیٰ پُشکر سنگھ دھامی نے کل رات دہرادون میں قدرتی آفات سے وابستہ کارروائی مرکز میں صورتحال کا جائزہ لیا۔

انہوں نے سبھی امدادی ایجنسیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ تال میل کے ساتھ کام کریں اور متاثرہ لوگوں کو دیگر مقامات پر فوری طور سے منتقل کیے جانے کو یقینی بنائیں اور ہر طرح کی ضروری امداد فراہم کریں۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ متاثرہ خطّے میں حفظانِ صحت سہولیات کو مستحکم بنانے کی خاطر اسپتالوں کو چوکس کر دیا گیا ہے۔

ریاست کے محکمہئ صحت کے سکریٹری راجیش کمار کی ہدایت پر ماہر ڈاکٹروں کی تین ٹیموں کو اترکاشی بھیجا گیا ہے۔ Harsil اور Bhatwari PHC ضلع اسپتال اترکاشی، ایمس رِشی کیش اور Doonاسپتال میں، اضافی بِستروں کا بندوبست کیا گیا ہے۔ ایمبولینس خدمات کو چوکس کر دیا گیا ہے اور سبھی ڈاکٹروں کی چھٹیاں فوری طور سے منسوخ کر دی گئی ہیں۔ امدادی کام میں تیزی لانے کے لیے فوج کے MI-17 اور Chinook ہیلی کاپٹر طلب کیے گئے ہیں۔ اِدھر آج لگاتار تیسرے دن ریاست کے مختلف حصوں میں بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ اُدھر رُدر پریاگ میں، کیدارناتھ یاترا سلامتی کی وجوہات سے عارضی طور پر روک دی گئی ہے۔

دہرادوون سے ساکشی سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ...........شمیم عرفان

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے، اتراکھنڈ میں اگلے تین دن کے دوران تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ اِدھر ہماچل پردیش، جموں و کشمیر، ہریانہ اور مغربی اترپردیش میں آج بھی شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان ہے۔

موسمیات محکمے نے، کیرالہ کے بعض حصوں میں، انتہائی شدید بارش کے امکان کے مدِّنظر ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

ملک کے مشرقی اور مغربی حصوں میں بھی اگلے دو تین دن تک اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔ اِن میں مغربی بنگال کا ذیلی ہمالیائی خطّہ، سکّم، بہار، اُڈیشہ، جھارکھنڈ اور گوا شامل ہیں۔×

Cooperation Meeting

امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں امدادِ باہمی وزارت نے کوآپریٹو اداروں کو متحرک اور کامیاب کاروباری یونٹوں میں بدلنے کا تہیہ کر رکھا ہے۔

انہوں نے نئی دلّی میں امدادِ باہمی شعبے کو مستحکم بنانے کے اقدامات پر اپنی وزارت کی صلاح کار کمیٹی کی دوسری میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ 2025 کی قومی امدادِ باہمی پالیسی سے ملک میں پائیدار کوآپریٹو ترقی کا ایک جامع خاکہ فراہم ہوا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ اگلے 5 سال میں ملک میں، 2 لاکھ کثیر مقصدی امدادِ باہمی سوسائٹیاں قائم کرنے کے بڑے نشانے کے تناظر میں اب تک 35 ہزار سے زیادہ نئی کوآپریٹو سوسائٹیاں بنائی گئی ہیں۔×

RBI Monetary Policy

RBIکے گورنر سنجے ملہوترا آج صبح 10 بجے مالیاتی پالیسی کمیٹی کے فیصلے کا اعلان کریں گے۔ فروری سے RBIکے ذریعے تین بار ریپوریٹ میں 100 بنیادی پوائنٹس کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے، کچھ ماہرین امکان ظاہر کر رہے ہیں کہ آج یہ جوں کی توں رہے گی جبکہ کچھ کو 25 بنیادی پوائنٹس کی تخفیف کی امید ہے۔

ایک RBI ریسرچ رپورٹ کے مطابق کمیٹی مہنگائی میں کمی، بہتر جی ڈی پی اور ٹیرف کی غیر یقینی صورتحال کے مدِّنظر 25 بنیادی پوائنٹس کی تخفیف کر سکتی ہے۔x

Bangladesh Poll

بنگلہ دیش میں عبوری حکومت کے چیف ایڈوائزر پروفیسر محمد یونس نے کہا ہے کہ ملک میں پارلیمانی انتخابات اگلے سال فروری میں کرائے جائیں گے۔ انھوں نے کہا کہ عبوری حکومت کی طرف سے وہ چیف انتخابی افسر کو خط ارسال کرکے انتخابی کمیشن سے رمضان سے پہلے فروری 2026 میں انتخابات کرانے کا بندوبست کرنے کی درخواست کریں گے۔

پروفیسر یونس نے July Uprising Day کے موقع پر ٹیلی ویژن پر قوم سے خطاب کے دوران یہ اعلان کیا۔x

Hiroshima Day

ایٹمی ہتھیار پہلی بار استعمال کرنے کے 80 سال پورے ہونے کے موقع پر آج ہیروشیما ڈے منایا جا رہا ہے۔ 1945 میں آج ہی کے دن امریکہ نے، جاپان کے شہر ہیروشیما پر پہلا ایٹم بم گرایا تھا۔

جاپان کے لوگ ملک کی تاریخ میں، اسے ایک تاریک دن کے طور پر یاد کر رہے ہیں۔ آج صبح ہیروشیما کے Peace میموریل پارک میں تقریباً 55 ہزار لوگوں نے ایک پروگرام میں شرکت کی۔×

Chess Chennai Masters

شطرنج میں تیسرا چنئی گرانڈ ماسٹرس ٹورنامنٹ آج چنئی میں شروع ہو رہا ہے۔ اس میں 2 راؤنڈ روبِن گروپوں کو 2 سیکشن "ماسٹرس اور چیلنجرس" میں رکھا گیا ہے۔

ماسٹرس مرحلے کے پہلے راؤنڈ میں آج بھارتی گرانڈ ماسٹر ارجن Erigaisi کا مقابلہ امریکہ کے Awonder Liangسے ہوگا، جبکہ Vidit Gujrati کا سامنا نیدرلینڈس کے Jorden van Foreest سے ہوگا۔×

NIA Searches

قومی تحقیقاتی ایجنسی، NIAنے پنجاب میں 19 مقامات پر تلاشی کی کارروائی انجام دی ہے۔ یہ کارروائی اس سال مارچ میں امرتسر کے ایک مندر پر دہشت گردانہ گرینیڈ حملے کے سلسلے میں کی گئی ہے۔ امرتسر، گرداس پور اور Batala ضلعوں میں کل انجام دی گئی تلاشی کی کارروائی کے دوران NIA کی ٹیموں نے بہت سا غیر قانونی مواد ضبط کیا جن میں موبائل اور ڈجیٹل آلات شامل ہیں۔x

Pakistan Blast

پاکستان میں بلوچستان کے ضلع Nushki میں کل رات سڑک کنارے نصب ایک بم دھماکے میں تین فوجی جوان ہلاک اور تین دیگر شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ بلوچ لبریشن آرمی نے اس حملے کی ذمہ داری لی ہے۔

رپورٹ کے مطابق یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ایک بلٹ پروف فوجی گاڑی IED کی زد میں آگئی۔ یہ واقعہ انسانی حقوق کی مختلف تنظیموں کی طرف سے جاری احتجاج کے درمیان پیش آیا ہے، جنھوں نے اس صوبے میں پاکستانی فورسز کی طرف سے کیے جانے والے مظالم کو بار بار اٹھایا ہے۔x

Trump Tariffsؔ

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے روس سے تیل خریدنے والے ملکوں پر محصول میں اضافے کے تعلق سے ایک فیصد بھی ذکر نہیں کیا۔ انہوں نے وہائٹ ہاؤس میں ایک پریس کانفرنس کے دوران یہ بات کہی۔ جب اُن سے روس سے اینرجی خریدنے والے ملکوں پر 100 فیصد محصول عائد کرنے کے بارے میں پوچھا گیا تو صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے ایک فیصد بھی ایسا نہیں کہا، لیکن وہ کچھ ایسا کر سکتے ہیں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آج روس کے ساتھ امریکہ کی میٹنگ ہونے والی ہے اور دیکھنا یہ ہے کہ اس میں کیا ہوتا ہے۔

S/B - 0815 Trump Russia

اِدھر اقوام متحدہ میں، امریکہ کی سابق سفیر Nikki Haley نے روس سے تیل درآمد کرنے والے ملکوں پر محصول میں بہت زیادہ اضافہ کرنے کے صدر ٹرمپ کے اعلان پر سخت نکتہ چینی کی ہے۔ انہوں نے صدر ٹرمپ کو خبردار کیا ہے کہ وہ بھارت جیسے مضبوط اتحادی ملک کے ساتھ تعلقات خراب نہ کریں۔×

Ashwini Innovation Park

کرناٹک کے بنگلورو میں، دیون ہلّی کے مقام پر اختراعی پارک کی افتتاحی تقریب کے دوران گتی شکتی وشو ودیالیہ اور SAP Labs India Innovation Park نے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔

اس موقع پر اپنے کلیدی خطاب میں الیکٹرانکس اور IT محکمے کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ SAP Labs India Innovation Park بھارت کے ترقی کے سفر میں ایک بروقت سرمایہ کاری کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ 2047 تک وِکست بھارت کے وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کے عین مطابق ہے۔

جناب اشونی ویشنو نے کہا کہ اس کیمپس سے بھارت کے ہنرمندی، صلاحیت اور اختراعی نظام میں عالمی سطح پر اعتماد کی عکاسی ہوتی ہے۔ اس سے ایک بھروسے مند ٹکنالوجی ساجھیدار کے طور پر بھارت کی پوزیشن کو مزید تقویت ملے گی۔×

خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu: پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS,

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - کلیم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے بھارت اور فلپائن کے درمیان جامع ایکشن پلان بنانے پر ہوئے اتفاق سے متعلق خبر کو نمایاں کیا ہے۔ بھارت دورے پر آئے فلپائن کے صدر کے ساتھ دوطرفہ بات چیت کے دوران دونوں ممالک نے اپنے تعلقات کو اسٹریٹیجک پارٹنرشپ کا درجہ دینے کا فیصلہ کیا ہے۔

پریس بیان میں وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ ہماری تہذیبوں کے درمیان قدیم دور سے رابطے ہیں۔

پی ایم نے کہا کہ بھارتی سیاحوں کو ویزا فری داخلہ دینے کے فلپائن کے فیصلے کا بھارت خیر مقدم کرتا ہے۔

راجیہ سبھا نے منی پور میں صدر راج کی مدت میں چھ ماہ کی توسیع کو صوتی ووٹ سے منظوری دے دی ہے۔ اس سے متعلق روزنامہ پرتاپ کی سرخی ہے: منی پور میں صدر راج میں توسیع، راجیہ سبھا سے بل منظور ہوا۔

روزنامہ انقلاب نے اتراکھنڈ میں اترکاشی ضلع کے دھرالی گاؤں میں بادل پھٹنے سے متعلق خبر کو شہ سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس واقعے سے بڑی تباہی ہوئی ہے اور بہت سے افراد کے ہلاک ہونے کا خدشہ ہے جبکہ متعدد افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے سانحے سے متاثرہ لوگوں کے تئیں تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے سابق گورنر ستیہ پال ملک کے انتقال سے متعلق خبر کو نمایاں طور پر شائع کیا ہے، سرخی ہے: جموں و کشمیر کے سابق گورنر ستیہ پال ملک نے آر۔ایم۔ایل اسپتال میں آخری سانس لی۔ وہ بہار اور میگھالیہ کے بھی گورنر رہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1-     وزیراعظم نریندر مودی آج نئی دلّی میں، مشترکہ سینٹرل سیکریٹیریٹ عمارت ”کرتویہ بھون سوئم“ کا افتتاح کریں گے۔

2-     صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ فلپینز، خطّے میں استحکام اور خوشحالی لانے کے لیے مشرقی ملکوں سے رابطہ بڑھانے کی بھارت کی پالیسی کا ایک اہم ساجھیدار ملک ہے۔

3-     اتراکھنڈ کے اترکاشی ضلعے میں، اچانک شدید سیلاب آنے کے بعد راحت اور بچاؤ کارروائی جاری ہے۔ بھارتی موسمیات محکمے نے ریاست میں اگلے تین دن تیز بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

4-     امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کہا ہے کہ قومی امدادِ باہمی پالیسی سے پائیدار امدادِ باہمی ترقی کے لیے جامع خاکہ فراہم ہوا ہے۔

5-     بنگلہ دیش کے عبوری رہنما محمد یونس نے اعلان کیا ہے کہ ملک میں، پارلیمانی انتخابات اگلے سال فروری میں کرائے جائیں گے۔

6-     اور تیسرا چنئی گرانڈ ماسٹرس شطرنج ٹورنامنٹ آج شروع ہو رہا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

--------------------------------------